## کپاس کی نگہداشت سے متعلق 31 اگست تک سفارشات جاری کردیں

ملتان! سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ ملتان میں آج فارمز ایڈوائزری کمیٹی کا آٹھواں اجلاس ڈائریکٹر سی سی آر آئی ڈاکٹر زاہد محمود کی صدارت میں ہوا۔ اجلاس میں ملک بھر میں کپاس کی نگہداشت سے متعلق جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں کپاس کے کاشتکاروں کی رہنمائی وتربیت کے لئے پندرہ روزہ کپاس کی نگہداشت سے متعلق 31 اگست تک کی سفارشت پیش کی گئیں۔ فارمز ٹیکنیکل ایڈوائزری کمیٹی کی سفارشات میں کہا گیا کہ کاشتکار وائرس سے متاثرہ کپاس کی فصل میں کھاد اور پانی کی مقدار مناسب رکھیں تا کہ فصل پر بیماری کے اثرات کو کم کیا جا سکے۔ اسی طرح کپاس کی کے کھیت میں ایسی جڑی بوٹیاں جو پہلی بار نظر آئیں انہیں فوراتلف کردیں تاکہ آنے والے وقتوں میں نئی جڑی بوٹیوں جیسا کہ گاجر بوٹی وغیرہ یا کوئی اور نئی قسم کی جڑی بوٹی کے پھیلاؤ کو روکا جا سکے۔ کاشتکار 60 فیصد سے زائد ٹینڈے کھل جانے کی صورت میں کپاس کی چنائی کا عمل شروع کریں اور اس عمل میں تاخیر نہ کریں۔ کاشتکار موسمی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے کپاس کی چنائی کے وقت کا تعین کریں اور متوقع بارش سے پہلے ہی کپاس کی چنائی کا عمل مکمل کرلیں۔



اجلاس میں بتایا گیا کہ اگر کپاس کا قد بڑھ رہا ہو اور پھل کم ہو تو کاشتکار فصل پر گروتھ ریڈئنٹ یعنی مپی کواٹ کلورائیڈ وغیرہ کا سپرے کریں تاکہ پودے کا رجحان پھل کی طرف ہو جائے اور متوقع بارش کی صورت میں آبپاشی سے اجتناب کیا جائے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ اگر فصل پھل کے بغیر ہی بڑھوتری کی طرف مائل ہو تو کاشتکار پانی اور کھاد کا وقفہ بڑھا دیں اور کھیت میں پانی لگاتے وقت پانی کی سطح کم رکھیں اور یہ عمل اس وقت تک جاری رکھیں جب تک فصل پھل اٹھانے کی طرف مائل نہ ہو جائے۔

اجلاس میں گرمی وحبس اور درجہ حرارت میں اضافے کی وجہ سے کپاس کے پھل میں کمی اور پھل گڈی پتے گرنے کو بھی زیر بحث لایا گیا۔ پھل کے کیرے کو کم کرنے کے لئے کاشتکار میگنیشیم سلفیٹ 300 گرام، پوٹاشیم سلفیٹ 300 گرام، زنک سلفیٹ 250 گرام، بورک ایسڈ 200 گرام اور یوریا 2 کلوگرام ان سب اشیاء کا الگ الگ محلول بنا کر پانی کی مقدار بحساب 100 لٹر میں ملا کر فصل پر سپرے کیا جائے۔ اور اگر فصل کے پتے جھڑنا شروع ہو گئے ہیں لیکن پھپھوندی کی علامات نظر نہ آئیں تو اس صورت میں کپاس کے کاشتکار 10 کلوگرام ایس او پی اور 10 کلوگرام این پی دونوں کو باہم ملا کر بذریعہ آبپاشی فی ایکڑ کے حساب سے استعمال کریں۔